Urdu

# ڈرائیور کا لائسنس سب کے لئے



ریاست نیو یارک کا محکمہ موٹر گاڑی ((The New York State Department of Motor Vehicles (DMV) اب نیو یارک کے تمام باشندوں سے، امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر، ڈرائیور کے لائسنس کے لئے درخواستیں قبول کر رہا ہے! اگر نئے ڈرائیور کے لائسنس کے قانون کے بارے آپ کے سوالات ہیں، تو آپ New Americans Hotline پر 1-800-566-7636 پر کال کر سکتے ہیں۔

درخواست دینے کے طریقہ کار کے متعلق مزید معلومات dmv.ny.gov پر دستیاب ہیں۔

## کون فائدہ لے سکتا ہے؟

**+16**

کوئی بھی نیو یارک کا باشندہ، جو 16 سال یا اس سے زیادہ کا ہو، امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر، ایک معیاری، غیر تجارتی ڈرائیور لائسنس یا لرنر پرمٹ کے لئے درخواست دے سکتا ہے۔

## کون سی دستاویزات قبول کی جاتی ہیں؟

**6 پوائنٹس** + **تاریخ پیدائش** + **جائے رہائش**

دستاویزات کی بہت سی مختلف قسمیں قبول کی جاتی ہیں۔ تمام درخواست دہندگان کو لازماً 6 پوائنٹس کے برابر کی دستاویزات فراہم کرنی ہوں گی جو شناخت ثابت کرتی ہوں، اور ساتھ ہی ساتھ تاریخ پیدائش اور جائے رہائش بھی ثابت کرتی ہوں۔ اگر آپ کو کبھی بھی کوئی سوشل سکیورٹی نمبر جاری نہیں کیا گیا ہو، تو آپ کو لازماً ایک بیان حلفی پر دستخط کرنا ہو گا جس پر یہ مندرج ہو اور اس کو درخواست دیتے وقت ساتھ لانا ہو گا۔

دستاویزات کی ایسی مثالیں **(یہ مکمل فہرست نہیں)** جو قبول کی جاتی ہیں، ان میں شامل ہیں:

| ہر ایک **1 پوائنٹ** کے برابر | ہر ایک **4 پوائنٹس** کے برابر |
|---|---|
| • **IDNYC**<br>ثبوت رہائش کے طور پر بھی شمار ہوتا ہے | • **معتبر کونسلر ID**<br>عمر کے ثبوت کے طور پر بھی شمار ہوتا ہے |
| • **غیر ملکی اسکول کا رپورٹ کارڈ یا اسکول کا ریکارڈ***<br>*تصویر کے ساتھ 2 پوائنٹس | • **معتبر غیر ملکی پاسپورٹ**<br>عمر کے ثبوت کے طور پر بھی شمار ہوتا ہے |
| • **ٹیکس کی دستاویزات**<br>رہائش کے ثبوت کے طور پر بھی شمار ہوتا ہے | • **غیر ملکی ڈرائیور کا لائسنس**<br>(موزوں یا 24 مہینوں تک زائد المیعاد) عمر کے ثبوت کے طور پر بھی شمار ہوتا ہے |

ماسوائے اس کے کہ واضح طور پر بیان کیا گیا ہو، DMV زائد المیعاد دستاویزات قبول نہیں کرتا۔

NYS DMV کے پاس ایک آن لائن ٹول ہے جو آپ کو یہ معلوم کرنے میں مدد دیتا ہے کہ ڈرائیور کے لائسنس یا لرنر پرمٹ کے لئے اپنی درخواست کے لئے آپ کو کیا دستاویزات لانی ہوں گی۔ مزید جاننے کے لئے dmv.ny.gov پر جائیں۔

## میں کیسے درخواست دوں؟

جب آپ اپنے اصلی کاغذات حاصل کر لیں، تو آپ انھیں اپنی پسند کے DMV کے دفتر پر لے آئیں۔ DMV کا دفتر وہیں سے آپ کے ساتھ تعاون کر سکتا ہے۔

نوٹ کریں کہ اگر آپ کو کبھی لائسنس نہ ملا ہو، تو آپ کو لرنر پرمٹ حاصل کرنے کے لئے پہلے ایک علمی ٹیسٹ پاس کرنا ہو گا۔ پھر، آپ کو لازماً گاڑی چلانے کی مشق کرنی ہوگی، لائسنس لینے سے پہلے کا کورس کرنا ہو گا، اور آخر میں ڈرائیور کا لائسنس حاصل کرنے سے پہلے ایک روڈ ٹیسٹ پاس کرنا ہو گا۔

اگر آپ کو اپنے یا اپنے خاندان سے متعلق خطرات کا اندیشہ ہے، تو New American Hotline سے 1-800-566-7636 پر رابطہ کریں۔

NYC
Mayor's Office of Immigrant Affairs

# عام سوالات

## ڈرائیور کے لائسنس/لرنر پرمٹ پر کتنی لاگت آتی ہے؟

- ڈرائیور کے لائسنس کی لاگت عمر پر منحصر مختلف ہوتی ہے۔ فیس $64.50 اور $107.50 کے بیچ میں ہوتی ہے۔ NYC کی تمام کاؤنٹیاں میٹروپولیٹن کمیوٹر ٹرانسپورٹیشن ڈسٹرکٹ (Metropolitan Commuter Transportation District) کی فیس بھی لیتی ہیں۔
- ایسے دھوکے باز افراد یا کاروباروں سے ہوشیار رہیں جو آپ سے ڈرائیور کا لائسنس لینے پر پیسے لیں یا آپ کو کوئی سستا ڈرائیور کا لائسنس دلانے کا وعدہ کریں۔ **صرف DMV ڈرائیور کا لائسنس جاری کر سکتا ہے - کسی کو بھی پیسے نہ دیں سوائے DMV کے۔**
- اگر نئے ڈرائیور کے لائسنس کے بارے آپ کے سوالات ہیں، یا آپ کو دھوکے کا خدشہ ہے تو، New Americans Hotline سے 1-800-566-7636 پر رابطہ کریں۔

## کیا درخواست گزار کی معلومات میں تبدیلی کے لئے ریاستی سرکار کو وفاقی حکام کی طرف سے دباؤ میں ڈالا جا سکتا ہے؟

- نیا قانون خاص طور پر DMV کے ڈیٹا تک امیگریشن کی تنفیذ کی ایجنسیوں کی طرف سے رسائی کو مسدود کرتا ہے اور DMV کے ریکارڈز یا معلومات لینے والے ہر ایک کو اس ڈیٹا کو سول امیگریشن کی تنفیذ کے مقاصد کے لئے استعمال کرنے سے منع کرتا ہے۔
- ایسی معلومات جیسے سوشل سیکورٹی نمبر، جائے ملازمت، یا آیا ڈرائیور کا لائسنس REAL ID کے مطابق لائسنس ہے، محفوظ شدہ ہے۔
- تاہم، جب کسی جج کی طرف سے کسی حکم کے ذریعے مطلوب ہو تو یہ قانون معلومات ظاہر کرنے کی اجازت دیتا ہے۔
- یاد رکھیں - کچھ محدود معلومات (جیسے آپ کا نام اور پتہ) محفوظ نہیں بھی رہ سکتیں۔

## کیا نئے ڈرائیور کے لائسنس اور دیگر لائسنسوں میں کوئی قانونی یا ظاہری فرق ہو گا؟

- ہر شخص جو ایک "معیاری" ڈرائیور کا لائسنس حاصل کرے گا، امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر ایک ہی طرح کا کارڈ حاصل کرے گا۔
- "معیاری" ڈرائیور کے لائسنس پر یہ درج ہو گا "Not for Federal Purposes (وفاقی مقاصد کے لیے نہیں)"، یہ واضح کرنے کے لئے کہ اس کو کسی جہاز پر سوار ہونے، وفاقی ملکیت میں داخل ہونے، وغیرہ کے لئے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

## کیا غیر دستاویزی نیویارک کے باشندے "REAL ID" کے مطابق لائسنس حاصل کر سکتے ہیں جو جہاز میں سفر کے وقت استعمال کیا جائے؟

- نہیں۔ NYS کی "REAL ID" کے مطابق ڈرائیور کے لائسنس کے لئے مخصوص امیگریشن کی حیثیت کا ثبوت درکار ہے۔ وفاقی قانون کا تقاضا ہے کہ، 2020 سے آگے، ریاستی ڈرائیور لائسنسز جو جہاز میں سوار ہونے کے لئے استعمال کیے جائیں، لازماً REAL ID کے قانون کے مطابق ہو۔
- DACA اور TPS کے وصول کنندگان، بشمول دیگر مہاجر نیو یارک کے باشندوں کے جن کے پاس کام کی اجازت یا قانونی حیثیت ہو، "REAL ID" کے مطابق لائسنس کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔ تاہم، وہ لائسنس ختم ہو جائے گا جب کام کی اجازت یا قانونی حیثیت ختم ہو جاتی ہے۔

## میں نے سنا ہے کہ کچھ کاؤنٹی کے کلرکس نیو یارک سٹی کے باہر نئے قانون کے خلاف لڑے ہیں۔ کیا نیو یارک سٹی میں کسی DMV کے اندر درخواست دینے جانا محفوظ ہے؟

- نیو یارک سٹی کے پانچ بوروز (برونکس، بروکلن، مین ہٹن، سٹیٹن آئی لینڈ، اور کوئنز) میں DMV ریاست کی طرف سے براہ راست چلائی جا رہی ہیں۔
- جبکہ کاؤنٹی کے کلرکس کو غیر دستاویزی رہائشیوں کو ڈرائیور کا لائسنس دینے سے انکار کی اجازت نہیں ہے، وہ لوگ جو اپنی عمومی کاؤنٹی میں درخواست دیتے ہوئے غیر محفوظ محسوس کریں وہ ڈرائیور کے لائسنس کی درخواست کسی بھی کاؤنٹی میں دے سکتے ہیں، بشمول نیو یارک سٹی کی کاؤنٹیز۔
- اپنے قریب DMV کا دفتر تلاش کرنے کے لئے، dmv.ny.gov/offices پر جائیں

